Pak-Gulf Leasing Company Limited

شیئر ہولڈرز کے لیے اطلاع برائے عبوری نقد ڈیویڈنڈ (D-13) کی الیکٹرانک ترسیل

کمپنی کے رجسٹرڈ شیئر ہولڈرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے اعلان کردہ عبوری نقد ڈیویڈنڈ بشرح 22 فیصد (صرف 2.20 روپے فی شیئر) ان اہل شیئر ہولڈرز کو ادا کر دی گئی ہے جن کے نام 4 نومبر 2024 کو کاروبار کے اختتام پر ممبران کے رجسٹر میں درج تھے۔ یہ ادائیگی ان شیئر ہولڈرز کے نامزد بینک اکاؤنٹس میں الیکٹرانک ٹرانسفر کے ذریعے کی گئی ہے جنہوں نے اپنا درست شناختی کارڈ (CNIC) اور مکمل انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) فراہم کیا تھا۔

رجسٹرڈ شیئر ہولڈرز کو مزید آگاہ کیا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈ) ریگولیشن 2017 کے مطابق، ان شیئر ہولڈرز کے لیے کیش ڈیویڈنڈ کی الیکٹرانک ٹرانسفر روک لئے گئے ہیں جنہوں نے اپنے مکمل بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات (بشمول 24 عدد کا IBAN) فراہم نہیں کی ہیں۔ لہٰذا ایسے شیئر ہولڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے بینک کی تفصیلات بروکر (پارٹیسپنٹ) یا سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC) کو فراہم کریں، اگر ان کے شیئرز بک انٹری فارم میں ہیں یا کمپنی کے رجسٹرار کو فراہم کر دیں، اگر شیئرز فزیکل فارم کی صورت میں موجود ہیں۔ مطلوبہ معلومات موصول ہونے کے بعد روک دی جانے والی ڈیویڈنڈ کی ادائیگی الیکٹرانک طریقے سے 15 دن کے اندر کی جائے گی۔

CDC نے ایک سینٹرلائزڈ کیش ڈیویڈنڈ رجسٹر (CCDR) ای سروسز ویب پورٹل مرتب کیا ہے جس میں لسٹڈ کمپنیوں کے نقد ڈیویڈنڈ کی ادائیگی، غیر ادا شدہ یا روکی گئی رقم کی تفصیلات شامل ہوں گی۔ یہ ویب پورٹل لسٹڈ کمپنیوں کے شیئر ہولڈرز کو کیش ڈیویڈنڈ کی تفصیلات حاصل کرنے اور ریکارڈ کے مقاصد کے لیے سہولت فراہم کرے گا۔ CCDR تک رسائی کے لیے لنک: http://eservices.cdcaccess.com.pk CDC شیئر ہولڈرز کو ایک الیکٹرانک رپورٹ جاری کرے گا جس میں نقد ڈیویڈنڈ کی تمام تفصیلات بشمول ڈیویڈنڈ کی شرح، ادا شدہ نیٹ ڈیویڈنڈ، ٹیکس اور زکوٰۃ کٹوتی وغیرہ شامل ہوں گی۔

ڈیویڈنڈ سے متعلق کسی بھی مزید معلومات کے لیے براہ کرم ہمارے شیئر رجسٹرار، THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر 32-C، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، ڈی ایچ اے فیز VII، کراچی-75500 سے رابطہ کریں۔

کمپنی سیکریٹری

کراچی

16 نومبر 2024